**22-03-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ محمد عمار

---

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی بھوٹان کا اعلیٰ ترین شہری اعزاز Order of the Druk Gyalpo پانے والے پہلے غیرملکی سربراہ بن گئے ہیں۔

☆ دلّی کی ایک عدالت نے شراب پالیسی گھپلے کے معاملے میں وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال کو 28 مارچ تک انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کی تحویل میں بھیج دیا ہے۔

☆ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے مصنوعی ذہانت سے متعلق پہلی قرارداد کو منظوری دے دی ہے۔

☆ اور سوئس اوپن بیڈمنٹن میں Basel کے مقام پر آج رات کیدامبی سری کانت، کرن جارج اور پریانشو رجاوَت مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میچز کھیلیں گے۔

---

**Music**

---

اب خبریں تفصیل سے

**PM Bhutan Visit**

بھوٹان کے شاہ جگمے کھیسر نامگیال وانگ چُک نے آج راجدھانی تھمپو میں وزیر اعظم نریندر مودی کو بھوٹان کے سب سے اعلیٰ شہری اعزاز، The order of the Druk Gylpo سے نوازا۔ اِس موقع پر اِظہار خیال کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ یہ اُن کی زندگی میں بہت بڑا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر ایوارڈ کی ایک خصوصی اہمیت ہوتی ہے لیکن جب کوئی کسی ملک سے ایوارڈ حاصل کرتا ہے تو اِس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ دونوں ممالک صحیح راستے پر گامزن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ اعزاز ان کی ذاتی حصولیابی نہیں ہے بلکہ بھارت اور 140 کروڑ بھارتیوں کی عزت افزائی ہے۔

S/B - PM Modi

وزیراعظم مودی ایسے پہلے غیرملکی رہنما ہیں جنہیں اِس پروقار اعزاز سے نوازا گیا ہے۔
یہ ایوارڈ عطا کیا جانا اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ یہ ایوارڈ وزیراعظم مودی کی ذاتی کامیابیوں، قیادت کوتسلیم کرتا ہے اور ساتھ ہی بھارت اور بھوٹان کے درمیان دوستی کے رشتوں کومستحکم کرنے میں اُن کی خدمات اور تعاون کو بھی تسلیم کرتا ہے۔ یہ ایوارڈ اِن کی قیادت میں ایک عالمی طاقت کی حیثیت سے بھارت کے ابھرنے کو بھی حوصلہ فراہم کرتا ہے اور بھارت کے ساتھ بھوٹان کے خصوصی رشتے کے جشن کو نمایاں کرتا ہے۔
یہ ایوارڈ عطا کیا جانا اِس بات کو بھی ظاہر کرتا ہے کہ وزیراعظم مودی کی قیادت نے بھارت کو یکسر تبدیلی کے راستے پر لا کھڑا کیا ہے اور اِس سے بھارت کی اخلاقی اتھارٹی اور عالمی اثر و رسوخ میں اضافہ ہوا ہے۔ بھوٹان کے شاہ نے دسمبر 2021 میں بھوٹان کے 114ویں قومی دن کی تقریبات کے دوران یہ ایوارڈ عطا کیے جانے کا اعلان کیا تھا۔وزیراعظم مودی نے راجدھانی Thimphu میں آج سہ پہر Tashichhodzong محل میں بھوٹان کے شاہ کے ساتھ مذاکرات بھی کیے۔ دونوں رہنماؤں نے بھارت اور بھوٹان کے درمیان خصوصی اور منفرد دوستی کے تئیں اپنے عزم کو دوہرایا۔ انہوں نے باہمی تعلقات پر تبادلۂ خیال کیا اور انہیں اگلی سطحوں تک لے جانے کے طور طریقوں پر بھی بات چیت کی۔اِس سے پہلے دن میں بھارت اور بھوٹان نے اپنی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کے لیے آپسی مفاد کے بہت سے سمجھوتوں کا تبادلہ کیا۔ وزیراعظم نریندر مودی اور بھوٹان کے اُن کے ہم منصب Tshering Tobgay کی موجودگی میں آج Thimphu میں بھارت اور بھوٹان کے درمیان سمجھوتوں سے متعلق دستاویزات کا تبادلہ کیا گیا۔ دونوں ملکوں کے درمیان پیٹرولیم اور تیل کی سپلائی، تیز توانائی کی کارکردگی، کھیلوں اور نوجوانوں میں تعاون اور طبی مصنوعات کی جانچ سے متعلق بہت سے مفاہمت ناموں کا بھی تبادلہ کیا گیا۔ ہمارے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ بھوٹان کے لیے وزیراعظم کا یہ دورہ ترقیاتی شراکت داری توجہ مرکوز کرتے ہوئے باہمی تعلقات کو نئی تقویت فراہم کرے گا۔ ×

## Rev Kejriwal ED

دلی کی Rouse Avenue عدالت نے، آج شراب پالیسی گھپلے معاملے میں وزیراعلیٰ اروند کجریوال کو 28 مارچ تک انفورسمینٹ ڈائریکٹوریٹ کی تحویل میں دے دیا ہے۔ CBI کی خصوصی جج Kaveri Baweja نے اروند کجریوال کو انفورسمینٹ ڈائریکٹوریٹ کی تحویل میں دینے کا فیصلہ سنایا۔ انفورسمینٹ ڈائریکٹوریٹ نے کل اروند کیجریوال کو گرفتار کرنے کے بعد آج سہ پہر ان کے کے لیے دس دن کی عدالتی تحویل کی مانگ کی تھی۔ ED نے کہا ہے کہ کجریوال شراب پالیسی کوتشکیل دینے میں براہ راست ملوث تھے۔ اِس سے پہلے دلی ہائی کورٹ نے گرفتاری سے انہیں عبوری تحفظ فراہم کرنے سے انکار کر دیا تھا۔
کجریوال نے آج سپریم کورٹ سے منی لانڈرنگ کیس سے جڑے شراب پالیسی گھپلے معاملے میں انفورسمینٹ ڈائرکٹوریٹ کی طرف سے گرفتاری کے خلاف اپنی درخواست واپس لے لی۔ یہ کارروائی بھارت راشٹریہ سمیتی کی لیڈر کے-کویتھا کو کسی طرح کی راحت دینے کے سپریم کورٹ کی انکار کے بعد سامنے آئی ہے۔ کے-کویتھا کو پچھلے ہفتے اس کیس میں گرفتار کیا گیا تھا۔×

## EC Poll Preparations

انتخابی کمیشن نے، 2024 کے عام انتخابات کرانے کے لیے پوری طرح تیاری کر لی ہے۔کمیشن نے آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کو یقینی بنانے کے لیے 2100 مشاہدین کی ایک مضبوط ٹیم کو تعینات کیا ہے۔ ان مشاہدین کو بہت سی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں۔ یہ مشاہدین ضلع چناؤ آفیسرز اور ریٹرننگ افسروں کی نگرانی کریں گے۔
پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Durgesh Bhaduria

ان مشاہدین کی خاص توجہ اِس بات پر ہوگی کہ انتخابی عمل کے دوران کسی طرح کا دباؤ ڈالنے، لالچ دینے یا دھاکنے یا ڈرانے کے عمل کو روکا جائے۔ وہ سکیورٹی فورسز کی تعیناتی کی نگرانی بھی کریں گے۔ اور ان کی بے ترتیب تعیناتی کو یقینی بنائیں گے۔ انتخابی عمل کو صاف ستھرا بنانے کے لیے انہیں ووٹنگ مشینوں اور عملے کی بے ترتیب تعیناتی کی نگرانی کی ذمہ داری بھی سونپی گئی ہے۔ رائے دہندگان کی رسائی اور انتخابی عمل میں شفافیت کو بڑھانے کے لیے اِن مشاہدین سے کہا گیا ہے کہ وہ اپنے نامزد پارلیمانی حلقوں کے اندر ہی رہیں اور اپنے رابطے کی تفصیلات کو تیار رکھیں جو ویب سائٹس اور میڈیا آؤٹ لیٹ سمیت مختلف پلیٹ فارموں کے ذریعے دستیاب رہے۔
انہیں یہ ہدایت دی گئی ہے کہ وہ پولنگ اسٹیشنوں کا سرگرمی سے دورہ کریں اور یہ مشاہدین سیاسی پارٹیوں اور امیدواروں کے ساتھ میٹنگیں بھی کریں گے تا کہ ان کے ساتھ تعاون کو آسان بنایا جاسکے اور کسی قسم کی انتظامی رکاوٹوں کو دور کیا جا سکے۔
نئی دلی سے درگیش بھدوریا کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں حسین اختر۔

## Haryana PEA Crops

Hisar کی چودھری چرن سنگھ ہریانہ ایگریکلچرل یونیورسٹی کے سائنسدانوں نے ایک نئی اور ممکنہ خطرناک بیماری کی نشاندہی کی ہے جو مٹر کی فصلوں کو متاثر کر رہی ہیں، جنہیں Wtiches Broom کے نام سے جانا جاتا ہے۔ امریکہ کی Phytopathological Society (APS) جو پودوں میں نئی بیماریوں کو تسلیم کرتی ہے نے، اپنے موقر جریدے ''پلانٹ ڈیزیز'' میں سائنسدانوں کی جانب سے اِس نئی بیماری کی رپورٹ کو تسلیم کیا ہے اور اسے پہلی تحقیقی رپورٹ کے طور پر شائع کیا ہے۔ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر بی آر کمبوج نے کہا ہے کہ ہریانہ کلچرل یونیورسٹی کے سائنسداں دنیا میں ایسے پہلے سائنسداں ہیں جنھوں نے یہ بیماری دریافت کی ہے۔ انہوں نے Phythoplasma مٹر سے متعلق بیماری کے بارے میں ایک تحقیقی رپورٹ بھی جمع کرائی ہے۔
جسے ایک بین الاقوامی تنظیم کی طرف سے تسلیم کیا گیا ہے اور اس کے جریدے میں اس بیماری کے بارے میں رپورٹ بھی شائع کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس بیماری کے شروع میں ہی پتہ لگنے سے منصوبہ بند طریقے سے پودا لگانے کے ایک پروگرام کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔×

**DGCA AIR India**

شہری ہوا بازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل DGCA نے ایئرانڈیا لمیٹڈ پر پروازوں کی ڈیوٹی سے متعلق وقت کی حدوں FDTL اور پرواز کے عملے کے بندوبست کے ناقص نظام FMS سے متعلق ضابطوں کی خلاف ورزی کرنے پر 80 لاکھ روپئے کا جرمانہ عائد کیا ہے۔ DGCA نے FDTL اور FMS کے ضابطوں کے سلسلے میں ایئرانڈیا لمیٹڈ کی طرف سے متعلقہ ضابطوں کی تعمیل کی توثیق کرنے کیلئے اِس سال جنوری میں بر سرِ موقع آڈٹ کیا تھا۔ آڈٹ کے دوران شواہد اکٹھے کئے گئے اور پروازوں کے بیڑے کے حساب سے بے ترتیب رپورٹس کا تجزیہ کیا گیا۔ DGCA نے ایک ریلیز میں کہا ہے کہ رپورٹس اور شواہد کے تجزیے سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ ایئرانڈیا لمیٹڈ نے چند واقعات میں 60 سال سے زیادہ عمر کے عملے کے دو افراد کے ساتھ پروازوں کو روانہ کیا جو کہ پروازوں سے متعلق ضابطوں کی صریح خلاف ورزی ہے۔

ایئرانڈیا کی پروازوں میں عملے کے افراد کو مناسب ہفتہ واری آرام، نیز طویل فاصلے والی پروازوں سے پہلے اور بعد میں عملے کے افراد کو مناسب آرام فراہم کرنے میں بھی کمی پائی گئی جو FDTL سے متعلق شہری ہوا بازی سے متعلق موجودہ دفعات کی خلاف ورزی ہے۔ ایئرانڈیا لمیٹڈ کو یکم مارچ کو مشاہدہ کی گئی خلاف ورزیوں پر جواب جمع کرانے کیلئے وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا گیا تھا، جس کے بعد ایئر انڈیا نے وجہ بتاؤ نوٹس پر اپنا جواب جمع کرایا تاہم وہ جواب تسلی بخش نہیں پایا گیا۔x

**Karnataka ISRO**

خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم اسرو نے آج صبح کرناٹک میں چتر دُرگ کے مقام پر ATR سے مصنوعی سیارچوں کو خلا میں لے جانے والے اپنے راکٹ Pushpak کو، زمین پر اتارے جانے کا تجربہ کامیابی کے ساتھ انجام دیا۔ Pushpak کی خاص بات یہ ہے کہ اِسے دوبارہ بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں اسرو نے کہا ہے کہ اس نے ایک بار پھر ایک بڑی کامیابی حاصل کی ہے۔ اِس پیغام میں اِس راکٹ کو زمین پر آسانی کے ساتھ اتارے جانے کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا ہے۔اسرو کے چیئرمین ایس سومناتھ نے اِس اہم مشن کی کامیابی پر ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔ اطلاعات ونشریات کے وزیر انوراگ سنگھ ٹھاکر نے پشپک کے کامیاب لینڈنگ کے ساتھ غیر معمولی کامیابی حاصل کرنے پر اسرو کے سائنسدانوں کو مبارکباد دی ہے۔x

**UN AI Resolution**

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے مصنوعی ذہانت AI سے متعلق پہلی قرارداد کو منظوری دے دی ہے۔ یہ قرارداد بین الاقوامی کوششوں کو عالمی حمایت فراہم کرتی ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ طاقتور نئی ٹیکنالوجی تمام ملکوں کو فائدہ پہنچائے، انسانی حقوق کا احترام کرے اور یہ نئی ٹیکنالوجی محفوظ اور قابل اعتماد رہے۔ امریکہ کی سرپرستی میں اور 123 ملکوں کے تعاون سے اِس قرارداد کو بغیر کسی ووٹنگ کے اتفاق رائے سے منظور کیا گیا۔ اِس کا مطلب ہے کہ اِس قرارداد کو اقوام متحدہ کے تمام 193 رکن ممالک کی حمایت حاصل ہے۔ پچھلے چند مہینوں میں امریکہ نے اقوام متحدہ میں

روس، چین اور کیوبا سمیت 120 سے زیادہ ملکوں کے ساتھ اِس قرارداد کے متن پر مذاکرات کیلئے کام کیا جو بالآخر کل منظور کی گئی۔

اِس قرارداد کا مقصد ترقی یافتہ امیر ممالک اور غریب ترقی پذیر ملکوں کے درمیان ڈیجیٹل فرق کو ختم کرنا ہے اور اِس بات کو یقینی بنانا ہے کہ سبھی ممالک مصنوعی ذہانت پر بات چیت کیلئے میز پر ایک ساتھ موجود ہوں۔ اس کا مقصد یہ بھی یقینی بنانا ہے کہ ترقی پذیر ممالک کے پاس بیماریوں کا پتہ لگانے، سیلاب کی پیشگوئی کرنے، کسانوں کی مدد کرنے اور ورکروں کی اگلی نسل کی تربیت جیسے امور کیلئے آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے فوائد سے فیض حاصل کرنے کیلئے ٹیکنالوجی اور صلاحیتیں موجود ہوں۔x

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے اِس مہینے کی 26 تاریخ تک شمال مشرقی بھارت کے علاقوں میں شدید بارش اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ اگلے پانچ روز کے دوران اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم تریپورہ، سکم اور ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال کے علاقوں میں بڑے پیمانے پر گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔ موسمیات محکمے نے پیشگوئی کی ہے کہ پنجاب، ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، جموں وکشمیر اور لداخ کے الگ الگ مقامات پر کل گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔ موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ بہار میں گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش ہوسکتی ہے۔ اِسی دوران، جنوبی بھارت کے علاقوں میں بدستور گرم موسم جاری رہے گا۔

IMD نے مزید کہا ہے کہ آندھراپردیش، کیرالہ اور ماہے کے مختلف علاقوں میں اگلے پانچ روز کے دوران جبکہ تمل ناڈو اور پدوچیری کے علاقوں میں اگلے دو روز کے دوران بدستور گرم اور مرطوب موسم رہے گا۔x

## Swiss Open Badminton

سوئزرلینڈ کے Basel میں، سوئس اوپن بیڈمنٹن میں بھارت کے بیڈمنٹن کھلاڑی کیدامبی سری کانت، کرن George اور پریانشو رجاوت آج رات مردوں کے سنگلز کے اپنے اپنے کوارٹر فائنل میچ کھیلیں گے۔ کیدامبی کا سامنا Chanese Taipei کے Lee Chia-Hao سے ہوگا۔ جبکہ کرن ڈینمارک کے کھلاڑی Rasmus Gemke کا سامنا کریں گے اور Priyanshu ، چینی Taipei کے Chou Tien-Chen کے خلاف کھیلیں گے۔

خواتین کے ڈبلز کے کوارٹر فائنل میں بھارت کی گایتری گوپی چند اور Treesa Jolly آسٹریلیا کی Setyana Mapasa اور Angela Yu سے چودہ-اکیس، پندرہ-اکیس سے ہار گئیں۔x

## IPL Match

17واں انڈین پریمیر لیگ آج چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں ایک رنگارنگ تقریب کے ساتھ شروع ہو گیا ہے۔ پہلا میچ موجودہ چمپئن چنئی سپر کنگز اور رائل چیلنجرس بینگلور کے درمیان کھیلا جا رہا ہے۔ رائل چیلنجرس

بینگلور کے کپتان Faf du Plessis نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔
اب سے کچھ دیر پہلے تک رائل چیلنجرس بینگلور نے 17 اوورز 4 گیندوں میں 5 وکٹ پر 138 رن بنا لیے تھے۔×

☆☆☆☆☆☆☆